سید الاستغفار یہ ہے

شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم نے فرمایا : "سید الاستغفار یہ ہے کہ تم کہو : اے اللہ ! تو میرا رب ہے، تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں تو نے مجھے پیدا کیا اور میں تیرا بندہ ہوں میں اپنی طاقت کے مطابق تجھ سے کیے ہوئے عہد اور وعدے پر قائم ہوں میں اپنے کیے ہوئے اعمال کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں میں تیرے حضور تیری جانب سے ملنے والی نعمتوں کا اقرار کرتا ہوں ایسے ہی اپنے گناہوں کا بھی اعتراف کرتا ہوں لہذا میری مغرفت فرما، کیوں کے تیرے سوا کوئی گناہوں کی مغفرت کرنے والا نہیں ہے آپ (ﷺ) نے فرمایا : ”جس شخص نے کامل یقین کے ساتھ دن کے وقت اسے پڑھا اور اسی دن شام ہونے سے پہلے اس کی موت ہوگئی، وہ جنتی ہے اسی طرح جس نے رات کے وقت کامل یقین کے ساتھ اسے پڑھا اور صبح ہونے سے قبل ہی فوت ہو گیا، تو وہ بھی جنتی ہے“

[صحيح] [رواه البخاري]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم بتا رہے ہیں کے کچھ کلمات ہیں، جن میں سب سے افضل اور عظیم ترین کلمات یہ ہیں : "اے اللہ ! تو میرا رب ہے، تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں تو نے مجھے پیدا کیا اور میں تیرا بندہ ہوں میں اپنی طاقت کے مطابق تجھ سے کیے ہوئے عہد اور وعدے پر قائم ہوں میں اپنے کیے ہوئے اعمال کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں میں تیرے حضور تیری جانب سے ملنے والی نعمتوں کا اقرار کرتا ہوں ایسے ہی اپنے گناہوں کا بھی اعتراف کرتا ہوں لہذا میری مغفرت فرما، کیوں کے تیرے سوا کوئی گناہوں کی مغفرت کرنے والا نہیں ہے" ان کلمات میں بندے اللہ کی وحدانیت اور اس بات کا اقرار کرتا ہے کے اللہ اس کا خالق اور معبود ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے وہ حتی المقدور اللہ سے کیے ہوئے ایمان اور اطاعت گزاری کے وعدے پر قائم ہے کیوں کے بندے جتنی بھی عبادت کر لے، اللہ تعالی کے تمام اوامر کو انجام نہیں دے سکتا اور اس کی نعمتوں کا کما حقہ شکریہ ادا نہیں کر سکتا وہ اللہ کی بارگاہ میں پناہ لیتا ہے اور اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لیتا ہے، کیوں کے بندے کے کیے ہوئے برے کاموں سے پناہ وہی دیتا ہے وہ اللہ کی دی ہوئی نعمتوں کا بھی اقرار و اعتراف کرتا ہے اور اپنے گناہوں اور معصیتوں کا بھی اقرار و اعتراف کرتا ہے اس کے بعد اپنے رب سے دعا کرتا ہے کے اس کے گناہوں کی پردہ پوشی کرے، اسے اپنے عفو و درگزر، فضل و کرم اور رحمت کی بنا پر اس کے گناہوں کے برے نتائج سے بچائے کیوں کے گناہوں کو بخشنے کا کام اللہ عز و جل کے علاوہ کوئی نہیں کر سکتا پھر آپ نے بتایا کے یہ صبح و شام کے اذکار میں سے ہے جس نے اسے یقین کے ساتھ، معانی کو سمجھتے ہوئے اور ان پر ایمان لاتے ہوئے دن کے آغاز میں یعنی طلوع آفتاب سے زوال آفتاب کے درمیان کہا اور پھر مر گیا، تو جنت میں داخل ہوگا اسی طرح جس نے اسے رات میں یعنی سورج غروب ہونے کے وقت سے فجر طلوع ہونے کے وقت کے درمیان کہا اور صبح ہونے سے پہلے مر گیا، وہ بھی جنت میں داخل ہوگا

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/5503